# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 24 August-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ:۲۴/اگست ۲۰۲۵ء

وقت:۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کی MLD 26 پانی فراہمی اسکیم اس سال دسمبر کے آخر تک مکمل ہو جائے گی۔ وزیر اعلیٰ کا تیقن۔

☆ بھارت گگن یان مہم کے لیے درکار ٹیکنالوجی کو تیزی سے تیار کر رہا ہے۔ وزیر اعظم کا بیان۔

☆ ناندیڑ ضلعے میں سیلاب کے بعد رابطہ وزیر کا متاثرہ علاقوں کا دورہ آج؛ رکنِ پارلیمان اجیت گوپچھڑے کی جانب سے متاثرین کے لیے 20 لاکھ روپئے مدد کا اعلان۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 67 ویں یوم تاسیس کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ پربھنی، ہنگولی اور ناندیڑ اضلاع کے لیے محکمۂ موسمیات کی جانب سے آج کے لیے یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس نے کہا ہے کہ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کی 26 ایم ایل ڈی پانی فراہمی اسکیم اس سال دسمبر کے آخر تک مکمل ہو جائے گی۔ وہ شہر کے پانی فراہمی منصوبے کے تحت 26 ملین لیٹر گنجائش کے 900 ملی میٹر قطر کے پائپ سے فارولہ میں پانی صفائی مرکز میں منعقدہ جلسے سے مخاطب تھے۔ انہوں نے وہاں جل پوجن کیا۔

انہوں نے کہا کہ امرت دو کے تحت اب تک اس اسکیم کا 82 فی صد کام مکمل ہو چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے وقتاً فوقتاً فیصلے لے کر اس اسکیم کے لیے دستیاب فنڈز کے بارے میں اطلاع دی۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع اب مینوفیکچرنگ اینڈ ای وی ہب کے طور پر ابھر رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انتظامیہ اور عوامی نمائندے شہر کی تصویر بدلنے کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔

انہوں نے یقین دلایا کہ فنڈز کی کمی اس شہر کو بہتر شکل دینے میں رکاوٹ نہیں بنے گی۔ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر میں فی الحال 100 ایم ایل ڈی اور 56 ایم ایل ڈی کی دو واٹر سپلائی اسکیمیں چل رہی ہیں۔ وہ 145 ایم ایل ڈی پانی فراہم کر رہی ہیں۔ اس پانی صفائی مرکز سے پانی کی فراہمی میں 26 ایم ایل ڈی کا اضافہ ہوگا اور پانی کی کُل سپلائی 171 ایم ایل ڈی ہو جائے گی۔ جس سے شہریوں کو راحت ملے گی۔

اس تقریب میں وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں اگلا مہانگر چھترپتی سمبھا جی نگر اس کافی ٹیبل کتاب کا اجراء کیا گیا۔ دریں اثناء ریاست میں خواتین نے رکشا

بندھن کی مناسبت سے وزیر اعلیٰ کو راکھیاں بھیجی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن اسکیم کے ذریعے ریاست میں خواتین کے لیے خود انحصاری کے نئے راستے تلاش کر رہے ہیں۔ یہ بتاتے ہوئے کہ خواتین کی شراکت کے بغیر ترقی ممکن نہیں ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتوں کی طرف سے خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے مختلف اسکیمیں چلائی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ گگن یان مشن کے لیے درکار ٹیکنالوجی کو تیزی سے تیار کیا جا رہا ہے۔ اور وہ جلد ہی خلاء میں جائے گا۔ وزیر اعظم کل دوسرے خلائی دن کے موقع پر ہم وطنوں سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر اعظم نے چند سالوں میں خلائی شعبے میں ہندوستان کی کامیابی کا فخر کے ساتھ ذکر کیا۔ انہوں نے کہا۔۔۔

Byte: Prime Minister Narendra Modi

***** ***** *****

CBI نے کل ممبئی میں انل امبانی اور ریلائنس کمیونیکیشن کے دفاتر پر چھاپہ مارا۔ یہ چھاپے اسٹیٹ بینک سے لیے گئے تقریباً دو ہزار 900 کروڑ روپیوں کے قرض کے سلسلے میں مارے گئے۔ 13 جون کو اسٹیٹ بینک نے ریلائنس کمیونیکیشن کو دیئے گئے قرض کو دھوکہ دہی کے طور پر درج کیا تھا۔ بینک کا دعویٰ ہے کہ قرض کی رقم کا غلط استعمال کیا گیا۔ کچھ دن پہلے ED نے 17 ہزار کروڑ روپیئے کے قرض بدعنوانی معاملے میں انل امبانی کے دفتر و دیگر مقامات پر چھاپے مارے تھے اور کچھ چیزیں ضبط کی تھیں، ساتھ ہی ان سے پوچھ تاچھ بھی کی گئی تھی۔

***** ***** *****

ریاست میں بچوں کو خسرہ روبیلا کی ویکسن کی پہلی اور دوسری خوراک کی کل چار لاکھ 64 ہزار خوراکیں دی گئی ہیں۔ کورونا کے دور میں خسرہ روبیلا کی ویکسن میں کمی آئی تھی۔ خسرے کی وبا کے پیش نظر محکمۂ صحت نے حفاظتی ٹیکے لگانے پر توجہ دینے کے احکامات دیئے۔ اس کے مطابق اپریل 2024 سے مارچ 2025 تک 100 فی صد ویکسینیشن کا حدف حاصل کرلیا گیا ہے۔ اور اس نئے سال میں ویکسینیشن کا پہلا مرحلہ بھی مکمل ہو گیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں سیلاب کی صورت حال کے بعد ضلع کے سرپرست وزیر اتل ساوے آج متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گے۔ وہ سیلاب سے ہوئے نقصانات کا معائنہ کریں گے۔ دریں اثناء کل رکن پارلیمان ڈاکٹر اجیت گوپچھڑے نے ہسنال اور راول گاؤں کا دورہ کیا اور سیلاب کے متاثرین سے بات چیت کی۔ اس موقع پر سیلاب متاثرین کے لیے 20 لاکھ روپیوں کی امداد کا اعلان کیا گیا۔ انہوں نے کہا وہ ان دیہاتوں کی بحالی کے لیے انتظامی سطح پر نمائندگی کریں گے۔

***** ***** *****

وزیر ٹرانسپورٹ پرتاپ سرنائیک نے کل ممبئی میں ریاستی روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے 331 اسسٹنٹ موٹر ویکل انسپکٹرز کو مبارکباد دی۔ انہوں نے محکمۂ ٹرانسپورٹ سے اپیل کی کہ سڑک حادثات کو روکنے کے لیے مربوط ٹرانسپورٹ سسٹم تیار کیا جائے۔ سرنائیک نے کہا کہ یہ محکمہ ریاست کا پانچواں سب سے بڑا محصول کمانے والا ہے اور اس میں بنیادی اصلاحات کی جا رہی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی، چھترپتی سمبھاجی نگر کا 67واں یوم تاسیس کل منایا گیا۔شروعات میں یونیورسٹی کی مرکزی انتظامی عمارت کے روبرو وائس چانسلہ ڈاکٹر وجئے پھلاری کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔اس کے بعد مرکزی پروگرام منعقد ہوا۔اس میں سینئر زرعی ماہر وجئے انا بوراڈے کو جیون سادھنا ایوارڈ سے نوازا گیا۔بوراڈے نے اس موقع پر کہا کہ ان کا فخر مہاتما پھلے کے ان خیالات کا فخر ہے جنہیں انہوں نے اپنایا ہے۔دریں اثناء 2025 کے سالانہ امتحان میں 15 نمایاں طلباء کو اس موقع پر اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

جموں کشمیر کے سری نگر کی ڈل جھیل میں گزشتہ تین دنوں سے جاری کھیلو انڈیا ایکواٹکس چمپئن شپ کا کل اختتام عمل میں آیا۔اس میں کشتی رانی، کیگنگ اور کنوئنگ ایونٹس شامل تھے۔مدھیہ پردیش کی ٹیم نے 18 تمغے جیت کل پہلا مقام حاصل کیا۔اوڈیشہ اور کیرلا بالترتیب دورے اور تیسرے نمبر پر رہے۔مہاراشٹر دو تمغوں کے ساتھ آٹھویں نمبر پر ہے۔کھیل اتھارٹی آف انڈیا اور جموں و کشمیر اسپورٹس کونسل کی جانب سے کھیلو انڈیا اقدام کے تحت پہلی بار ایکواٹکس چمپیئن شپ کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کی جانب سے دیئے جانے والے سالانہ کتاب ایوارڈز کی تقسیم آج سابق کمشنر پروشتم بھا پکر کے ہاتھوں عمل میں آئے گی۔اس تقریب میں ان کے منفرد تھائی لینڈ کے سفرنامے کے لئے نرہر کورونڈ کر واڑ مئے ایوارڈ پار گاؤنکر کو،ایم بی چٹنس واڈ مئے ایوارڈ، کتاب گاندھی، بحث اور حقیقت کے لیے سچن کسنالے کو انعام سے نوازا گیا۔وھیں رگھوناتھ واڈ مئے ایوارڈ پانڈورنگ مراری کو ان کی ادبی خدمات ننگر موٹھی کے لیے دیا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع کلکٹر آشیما متل نے مرکز اور ریاستی حکومتوں کی اسکیموں کو عوام تک پہنچانے کے لیے بڑے پیمانے پر مہم چلانے کی اپیل کی ہے۔وہ کل ضلع کلکٹر دفتر میں ضلع پریشد کے شعبہ جات کے سربراہوں کی میٹنگ سے خطاب کر رہی تھیں۔ضلع کلکٹر دفتر کے احاطے میں ضلع پریشد کے CEO منو پی ایم کے ذریعے نافذ پلاسٹک پر پابندی کے اقدام کی ستائش کی اور مشورہ دیا کہ اس پہل کو ضلع میں ہر جگہ نافذ کیا جائے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کا شیند را بڑکن صنعتی علاقہ جسے اورا ک سٹی بھی کہا جاتا ہے میں کئی کمپنیوں کو صنعتی پلاٹس الاٹ کیے گئے ہیں۔مرکزی وزیر تجارت اور صنعت نے ایک پریس ریلیز میں یہ اطلاع دی۔ان کمپنیوں میں خوراک، کاغذ، الیکٹرانکس، سڑک تعمیر کا سامان وغیرہ جیسی صنعتیں شامل ہیں۔ان میں 200 کروڑ روپیوں کی سرمایہ کاری متوقع ہے اور اندازہ ہے کہ تقریباً ایک ہزار ملازمتیں پیدا ہونگی۔

***** ***** *****

محصول ہفتے کے ضمن میں سنجئے گاندھی نرادھار اسکیم اور شراون باڑ اسکیم کے تحت بیڑ کے 14 ہزار 245 مستحقین کے بینک کھاتوں میں رقم جمع کی گئی ہے۔تحصیلدار چندرکانت شیڑکے کی سرپرستی میں یہ محصول ہفتہ منایا گیا۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے پربھنی، ہنگولی، ناندیڑ اضلاع کے لئے آج یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور دھاراشیو اضلاع میں اگلے دو دنوں تک ہلکی تا درمیانی درجے کی بارش متوقع ہے۔دریں اثناء پیٹھن کے جائیکواڑی آبی پشتے میں پانی کی سطح 96 فیصد ہو گی ہے۔اس وقت جائیکواڑی میں 24 ہزار 396 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کی آمد ہو رہی ہے۔جبکہ جائیکواڑی سے گوداوری ندی میں 28 ہزار 296 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا جا رہا ہے۔

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر کی 26 MLD پانی فراہمی اسکیم اس سال دسمبر کے آخر تک مکمل ہو جائے گی۔ وزیرِ اعلیٰ کا تیقن۔

☆ بھارت گگن یان مہم کے لیے درکار ٹیکنالوجی کو تیزی سے تیار کر رہا ہے۔ وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ ناندیڑ ضلعے میں سیلاب کے بعد رابطہ وزیر کا متاثرہ علاقوں کا دورہ آج؛ رکنِ پالیمان اجیت گوپچھڑے کی جانب سے متاثرین کے لیے 20 لاکھ روپیئے مدد کا اعلان۔

☆ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 67 ویں یوم تاسیس کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ پربھنی، ہنگولی اور ناندیڑ اضلاع کے لیے محکمۂ موسمیات کی جانب سے آج کے لیے یلو الرٹ جاری

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

**** **** *****